# 01-06-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ راما گنڈم فرٹیلائزر فیکٹری میں تیار ہونے والا یوریا تلنگانہ کے کسانوں کو ہی سپلائی کیا جائے گا۔اس سلسلہ میں بہت جلد مرکز کو ایک مکتوب تحریر کیا جائیگا۔

۲۔ تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے آج دارالحکومت دہلی میں اے آئی سی سی صدر ملکارجن کھرگے سے ملاقات کی۔مختلف امور پر کیا گیا تبادلہ خیال۔

۳۔ این وی ایس ایس پر بھاکر نے کانگریس حکومت پر سخت تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی بی آر ایس حکومت کی طرز پر ہی کانگریس حکومت بدعنوانی میں ملوث ہے۔

۴۔ تلنگانہ میں اور کچھ دنوں تک درجہ حرارت برقرار رہے گی اور غیر موسمی بارش کا سلسلہ جاری رہیگا۔

HYD - ARREST

ملک بھر میں ہزاروں کروڑ روپیوں کے الٹ پھیر میں ملوث گینگ کے 13 افراد کو دہلی، گجرات، پنجاب میں گرفتار کیا گیا۔سی آئی ڈی چیف چارو سنہا نے یہ بات کہی۔انہوں نے کہا کہ فلپائن، یو کے، دبئ میں اِن لوگوں کا نٹ ورک موجود ہے اور ان ہی علاقوں کے 46 مختلف بینکوں کے کھاتوں کو بھی سیس کر دیا گیا ہے۔کریم نگر کیس کی طرح 40 عہدیداروں نے 15 دنوں تک اِس آپریشن کو مکمل کیا۔سی آئی ڈی چیف چارو سنہا نے کہا کہ آن لائن بیٹنگ کے نام پر اِس گینگ کے لوگ نوجوانوں، معصوم اور بے گناہ لوگوں کو نشانہ بناتے تھے۔انہوں نے کہا کہ ایسے افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی۔

PTC - HYD

WEATHER REPORT:

تلنگانہ میں اور کچھ دنوں تک درجہ حرارت برقرار رہے گی اور غیر موسمی بارش کا سلسلہ جاری رہے گا۔ حیدرآباد محکمہ موسمیات نے یہ بات کہی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج عادل آباد، نرمل، منچریال، نظام آباد، جگتیال، سرسلہ، میدک، کاماریڈی، ونپرتی، گدوال، حیدرآباد اضلاع میں ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے۔ آج ریاست میں درجہ حرارت 40 سے 44 ڈگری درج کیا گیا ہے۔ آئندہ چار دنوں میں مانسون کیرلا کے ساحل سے ٹکرانے کا امکان ہے۔

Desk

CM - ASIFABAD VISIT

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی آج کمرم بھیم آصف آباد ضلع کے دورہ پر ہیں۔ وزیراعلیٰ اپنے دورہ کے دوران کیرامیری منڈل میں اندراماں مکانات کی گھر بھرونی پروگرام میں شرکت کریں گے۔ ضلع انچارج وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ اِس دوران وزیراعلیٰ اندراماں مکانات حاصل کرنے والے خاندانوں سے بات چیت کریں گے۔ اِس کے بعد اندراماں مکانات کے دوسرے مرحلہ کا آغاز کریں گے۔ جوپلی کرشنا راؤ نے کہا کہ اس کے بعد وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کاغذنگر پہنچ کر مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے اور جلسہ عام سے خطاب بھی کریں گے۔ پھر اس کے بعد منچریال سے ہوتے ہوئے رات دس بجے حیدرآباد پہنچ جائیں گے۔

PTC - ASF

CM - EDUCATION

مرکز کے پرفارمینس گریڈنگ انڈکس رپورٹ کے مطابق تلنگانہ کو اسکولی تعلیم میں بہتر مقام حاصل ہوا ہے جس پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سال کی محنت رنگ لائی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ماڈل اسکول کا قیام، نئے اساتذہ کی بھرتی، ڈیجیٹل طرزِ تعلیم، سرکاری اسکولوں میں مفت بجلی کی سپلائی و دیگر سہولیات کی وجہ سے تعلیم کے نظام میں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تعلیم کو اولین ترجیح بنیاد پر ترقی دے رہی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ینگ انڈیا اینٹی گریٹیڈ اسکولوں کی تعمیر سے بچوں کا مستقبل روشن ہوگا اور اس کی وجہ سے ملک بھر میں تلنگانہ کے نظام تعلیم کو پہلا مقام حاصل ہوگا۔ اس کے لئے حکومت ہر ممکنہ اقدامات کررہی ہے۔

Desk

MINIMUM WAGES:

تلنگانہ میں کروڑوں مزدوروں کیلئے بڑھائی گئی کم سے کم مزدوری پر آج سے سرکاری طور پر عمل شروع ہوگیا ہے۔ ریاستی حکومت نے زمرہ جات کی بنیاد پر ان کو یومیہ ادا کی جانے والی اجرت سے متعلق احکامات جاری کئے ہیں۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق جملہ 77 زمرہ جات رکھے گئے ہیں جس میں مختلف شیڈول محکمہ الگ الگ رکھے گئے ہیں۔ محکمہ لیبر کے مطابق نئے قوانین سے مزدوروں کو فائدہ پہنچے گا۔

Desk

CM REVIEW

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج سکریٹریٹ میں آنے والے موسم برسات سے متعلق عہدیداروں کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اِس اجلاس میں محکمہ زراعت، آبپاشی، شہری ترقی، پنچایت راج، محکمہ صحت، وزارتِ داخلہ، ہائیڈرا اور دیگر محکموں کے عہدیداروں نے شرکت کی۔ اِس دوران موسم بارش کے دوران کس طرح کا لائحہ عمل ترتیب دیا جائے اس پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو مستقبل کی تیاریوں سے متعلق پاور پوائنٹ پرزنٹیشن دیا۔ اِس دوران وزیر اعلیٰ نے عہدیداروں کو کئی ہدایات جاری کیے۔

Desk

Mallu Bhatti Vikramarka

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے آج دارالحکومت دہلی میں اے آئی سی سی صدر ملکارجن کھرگے سے ملاقات کی۔ اعلیٰ کمان کے احکامات کے مطابق نائب وزیر اعلیٰ نے جھارکھنڈ کا دورہ کیا تھا۔ وہاں پر کانگریس پارٹی کے اجلاس میں شرکت کی۔ موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور جھارکھنڈ کی رپورٹ ملکارجن کھرگے کے حوالہ کی۔ واضح رہے کہ جھارکھنڈ میں راجیہ سبھا کے انتخابات ہونے والے ہیں۔ اپنے دورہ جھارکھنڈ کے موقع پر نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ اس دوران انڈیا اتحاد امیدوار کو راجیہ سبھا بھیجنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

Desk

Rajya Sabha

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے راجیہ سبھا کی 27 سیٹوں اور تین ریاستوں کے قانون ساز کونسل کے انتخابات کا اعلان کیا ہے۔ آج صبح گیارہ بجے سے درخواستیں داخل کرنے کا آغاز ہوا۔ آندھراپردیش ، گجرات، جھارکھنڈ ،مدھیہ پردیش، منی پور، میگھالیہ، راجستھان، اروناچل پردیش، کرناٹک، میزورم ریاستوں سے جملہ 24 راجیہ سبھا کی سیٹیں بھرتی کی جائیں گی جبکہ ٹاملناڈو، مہاراشٹر، اوڈیشہ میں ضمنی انتخاب ہوں گے۔ اسی طرح بہار میں دس قانون ساز کونسل اور کرناٹک میں سات مقامات پر انتخابات منعقد ہونے والے ہیں۔

Desk

Prabhakar

بی جے پی لیڈر و سابق رکن اسمبلی این وی ایس ایس پر بھاکر نے کانگریس حکومت پر سخت تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی بی آر ایس حکومت کی طرز پر ہی کانگریس حکومت کام کر رہی ہے اور اسی کے نقشہ قدم پر چلتے ہوئے بدعنوانی اور قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہوگئی ہے۔ آج بی جے پی ریاستی دفتر میں منعقدہ پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے یہ بات کہی۔ بی جے پی لیڈر پربھاکر نے کہا کہ دھان کی خریداری میں کانگریس حکومت پوری طرح سے ناکام ہوگئی ہے۔ دلال کسانوں سے قیمتی اناج کم دام پر خرید کر کسانوں کو دھوکہ دے رہے ہیں۔ اسی طرح کسانوں کو بجلی بھی وقت پر سپلائی نہیں کی جارہی ہے۔ بجلی سپلائی کرنے والے ادارہ ڈسکام 69 ہزار کروڑ روپے خسارہ میں ہے۔ فیس ری ایمبرسمنٹ نہ ملنے کی وجہ سے کئی طلبہ کا مستقبل دعوؤں پر لگ گیا ہے۔

Desk

BJP - RAMACHANDER RAO

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے کہا کہ عوام کی ضروریات کو پورا کرنے میں بی آر ایس اور کانگریس دونوں حکومتیں ناکام ہوگئی ہیں۔ ناگول میں ضلع رنگاریڈی اربن بی جے پی لیڈروں کے ٹریننگ کیمپ میں شرکت کے موقع پر انہوں نے یہ بات کہی۔ رام چندر راؤ نے کہا کہ ملک بھر میں بی جے پی مقبولیت میں اضافہ ہوا ہے۔ جن علاقوں میں بی جے پی کی جیت کے امکانات نہیں تھے وہاں پر بھی بی جے پی کامیاب ہوئی ہے کیونکہ لوگ تبدیلی چاہ رہے ہیں۔ رام چندر راؤ نے مزید کہا کہ ریاست میں دھان کی خریداری میں کانگریس حکومت ناکام ہوچکی ہے جس کی وجہ سے کسانوں کو مشکلات پیش آرہی ہیں۔

Desk

JEE RESULTS 2026

جے ای ای اڈوانسڈ 2026ء کے نتائج جاری کئے گئے ہیں۔ انڈین انسٹیٹیوٹ آف ٹکنالوجی رورکی نے نتائج جاری کئے۔ اب طلبہ سرکاری ویب سائٹ پر نتائج دیکھ سکتے ہیں۔ آئی آئی ٹی رورکی کے عہدیداروں نے یہ بات کہی۔ عہدیداروں نے بتایا کہ اس سال شوبھم کمار نے 360 نشانات میں سے 330 نشانات حاصل کرتے ہوئے ٹاپ پوزیشن حاصل کی ہے جبکہ کبر چلر 329، جتن چھر 319 نشانات حاصل کرتے ہوئے دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔

Desk

Ramagundam

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج کہا کہ راما گنڈم فرٹیلائزر فیکٹری میں تیار ہونے والا یوریا تلنگانہ کے کسانوں کو ہی سپلائی کیا جائے گا۔ اس سلسلہ میں بہت جلد مرکز کو ایک مکتوب تحریر کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بارش سے متعلق کسانوں کو شعور بیدار کیا جائے گا اور کم پانی میں پیدا کی جانے والی فصلوں سے متعلق کسانوں کو معلومات فراہم کرنے کا عہدیداروں کو حکم دیا۔ کسانوں کی ضروریات پر آج وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سکریٹریٹ میں جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اس دوران محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے موسم برسات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر وزیراعلیٰ کو تفصیلات فراہم کی۔ وزیراعلیٰ نے ریاست کے ڈیم اور ذخائر آب کے ادھورے کاموں کو جلد مکمل کرنے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ نے محکمہ آفت وسماوی کے پاس موجود ایک ہزار کروڑ روپیوں کا صحیح طور پر استعمال کرنے، خراب سڑکوں کی مرمت کرنے، برتجس کو ٹھیک کرنے کا مشورہ دیا۔ وزیراعلیٰ نے عہدیداروں سے کہا کہ آفاتِ سماوی کے دوران جانوں کا نقصان، فصلوں کا نقصان، جانوروں کو ہونے والے نقصان سے متعلق فوراً حرکت میں آتے ہوئے متاثرین کی مدد کرنے کا عہدیداروں کو مشورہ دیا۔ اس دوران وزیراعلیٰ نے اضلاع کے کلکٹرس، ایس پیز کے کام کاج سے متعلق بھی تفصیلات حاصل کی۔

Desk

PM Thanks

منوگورو راما گنڈم براڈ گیج کی ریلوے لائن تعمیر کو مرکز نے ہری جھنڈی دکھائی ہے جس پر تلنگانہ جنا سمیتی کے ریاستی جنرل سکریٹری جی شنکر راؤ نے مرکز کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری

پارٹی نے سال 2018ء سے کئی بارش مرکز سے اس سلسلہ میں نمائندگی کی تھی ۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر ریلوے کو کئی بار یادداشت پیش کی گئی تھی ۔ انہوں نے کہا کہ اس علاقہ میں ریلوے لائن کی تعمیر سے منوگورو راما گنڈم کے بیچ موجود منتھنی ، بھوپال پلی ، میڈارم جیسے دور دراز علاقوں کے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا ۔ ساتھ ہی گوداوری گھنی ، بھوپال پلی جیسے علاقوں سے کوئلہ کی آمد ورفت میں آسانی ہوگی ۔

Desk

○○